غیر دھاتوں کی آئیونائزیشن انرجی زیادہ ہونے کی وجہ سے اُن میں کوئی آزاد الیکٹران موجود نہیں ہوتا۔ جسکی وجہ سے وہ غیر موصل ہوتی ہیں۔ اسلئے ان کے بارے میں ایسا کوئی نظریہ نہیں۔

مشقی سوال (4.19) حل:-

$0^\circ C$ پر برف کے مالیکیولز ہائیڈروجن بانڈنگ کی مضبوط قوت کی وجہ سے مخصوص اور باقاعدہ ترتیب سے ایک دوسرے کے ساتھ جکڑے ہوتے ہیں جبکہ $0^\circ C$ پر پانی کے مالیکیولز میں ہائیڈروجن بانڈنگ قدرے کمزور ہونے کی وجہ سے مالیکیولز متواتر بے ترتیب حرکت میں ہوتے ہیں۔

مشقی سوال (4.20) حل:-

H_2O میں مضبوط ہائیڈروجن بانڈنگ موجود ہونے کی وجہ سے عام درجہ حرارت پر یہ مائع حالت میں ہوتا ہے۔ جبکہ H_2S میں ہائیڈروجن بانڈنگ نہیں ہوتی۔ اور مالیکیولز دور ہونے کی وجہ سے H_2S عام درجہ حرارت پر گیس ہوتی ہے۔

مشقی سوال (4.21) حل:-

سوڈیم کلورائیڈ میں موجود آئنز کے درمیان کشش کی قوتیں پوٹاشیم کلورائیڈ کے آئنز کی نسبت مضبوط ہوتی ہیں۔ جس کی وجہ سے KCl کا میلٹنگ پوائنٹ $NaCl$ سے کم ہوتا ہے جبکہ $NaCl$ کی نسبت $MgCl_2$ میں کشش کی قوتیں بہت مضبوط ہونے کی وجہ سے $MgCl_2$ کا میلٹنگ پوائنٹ $NaCl$ سے زیادہ ہوتا ہے۔

مشقی سوال (4.23) حل:-

آئیونک مرکبات:- KBr اور $AgNO_3$۔

مشقی سوال (4.24) حل:-

ہیرے اور سیلیکون کاربائیڈ میں ہر ایٹم سنگل کوویلنٹ بانڈز کے ذریعے چار دوسرے ایٹمز سے چار سمتی طور پر جڑا ہوتا ہے۔ جس سے بہت بڑا مالیکیول بن جاتا ہے۔

مشقی سوال (4.26) حل:-

گریفائیٹ میں مختلف تہوں کے درمیان کشش کی قوتیں بہت کمزور ہوتی ہیں۔ جبکہ ہیرے اور سیلیکون کاربائیڈ میں ہر ایٹم سنگل کوویلنٹ کی مضبوط قوت کے ذریعے دوسرے چار ایٹمز سے جڑ کر ایک بہت بڑا

چار سطحی مالیکیول بناتے ہیں۔ ان ایٹمز میں کشش کی قوتیں بہت مضبوط ہوتی ہیں۔ اس لیے گریفائیٹ کا میلٹنگ پوائنٹ ہیرے اور سیلیکون کاربائیڈ سے کم ہوتا ہے۔

مشقی سوال (4.27) حل:-
گریفائیٹ کی قطار در قطار تہوں کے درمیان آزاد حرکت کرنے والے الیکٹرانز موجود ہوتے ہیں جو کرنٹ کے گزرنے کا سبب بنتے ہیں۔

مشقی سوال (4.28) حل:-
الکوحلز اور امینز میں 'OH' گروپ موجود ہوتا ہے جو پانی کے مالیکیولز کے ساتھ ہائیڈروجن بانڈنگ کا سبب بنتا ہے۔ اس طرح الکوحلز اور امینز پانی میں حل ہو جاتے ہیں۔

مشقی سوال (4.29) حل:-
چار نرم کوویلنٹ مرکبات:- (i) موم (ii) گریفائیٹ (iii) گلیسرین (iv) گلوکوز

مثال (4.1) سوڈیم ($_{11}Na$) اور فلورین ($_9F$) کے درمیان آئیونک بانڈ کیسے بنتا ہے؟
حل:- سوڈیم ایٹم اپنے بیرونی شیل سے ایک الیکٹران فلورین ایٹم کے بیرونی شیل میں منتقل کر دیتا ہے جس سے آئیونک بانڈ بنتا ہے۔

$$\underset{(2,8,1)}{Na} \longrightarrow \underset{(2,8)}{Na^{\oplus}} + 1e^-$$

$$\underset{(2,7)}{F} + 1e^- \longrightarrow F^{\ominus}$$

$$Na^{\oplus} + F^{\ominus} \longrightarrow NaF$$

مثال (4.2) میگنیشیم اور آکسیجن کے ملنے سے میگنیشیم آکسائیڈ کیسے بنتا ہے؟
حل:- $_{12}Mg$ اپنے بیرونی شیل سے دو الیکٹران $_8O$ کے بیرونی شیل میں منتقل کر دیتا ہے جس سے MgO بنتا ہے۔

$$\underset{(2,8,2)}{Mg} \longrightarrow \underset{(2,8)}{Mg^{+2}} + 2e^- \;;\; \underset{(2,6)}{O} + 2e^- \longrightarrow \underset{(2,8)}{O^{-2}}$$

$$Mg^{+2} + O^{-2} \longrightarrow MgO$$

Chapter # 5: حسابی سوالات

1- ہیلیم کے ایک سیمپل کا والیوم 0°C اور 743mm مرکری پریشر پر $3.49\,Cm^3$ ہے۔ اگر پریشر کو 760mm مرکری کر دیا جائے تو اس ٹمپریچر پر اس کا نیا والیوم کیا ہوگا؟

حل:-
$P_1 = 743\,mm$, $V_1 = 3.49\,cm^3$
$P_2 = 760\,mm$, $V_2 = ?$
بوائل کے قانون کے مطابق

$$P_2V_2 = P_1V_1$$

$$V_2 = \frac{P_1V_1}{P_2}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$V_2 = \frac{743 \times 3.49}{760} = 3.41\,cm^3 \text{ Ans}$$

2- ہیلیم گیس کے ایک سیمپل کا والیوم 25°C اور ایک ایٹماسفیر پریشر پر $30.0\,dm^3$ ہے۔ اس کو اسی پریشر پر کس حد تک ٹھنڈا کیا جائے کہ اس کا والیوم $1.0\,dm^3$ ہو جائے؟

حل:-
$T_1 = 25°C = 25 + 273 = 298\,K$
$V_1 = 30\,dm^3$, $T_2 = ?$, $V_2 = 1\,dm^3$
چارلس کے قانون کے مطابق

$$\frac{V_2}{T_2} = \frac{V_1}{T_1} \quad \text{یا} \quad T_2 = \frac{V_2 \times T_1}{V_1}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$T_2 = \frac{1 \times 298}{30} = 9.93\,K$$

یا

$$T_2 = 9.93 - 273 = -263°C$$

3- نائٹروجن کے ایک سیمپل کا والیوم 100°C پر $400\,cm^3$ ہے۔ اگر اس کا پریشر وہی رہتا ہے تو کس ٹمپریچر پر اس کا والیوم $200\,cm^3$ ہوگا؟

حل:-
$V_1 = 400\,cm^3$, $V_2 = 200\,cm^3$
$T_1 = 100°C = 100 + 273 = 373\,K$, $T_2 = ?$
چارلس کے قانون کے مطابق

$$\frac{V_2}{T_2} = \frac{V_1}{T_1} \quad \text{یا} \quad T_2 = \frac{V_2 \times T_1}{V_1}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$T_2 = \frac{200 \times 373}{400} = 186.5\,K$$

یا

$$T_2 = 186.5 - 273 = -86.5°C$$

4- ہیلیم سے بھرے ہوئے ایک غبارے کا والیوم 25°C اور ایک ایٹماسفیر پریشر پر $2.5\,dm^3$ ہے۔ اگر اسے -73°C تک ٹھنڈا کیا جائے تو اسی پریشر پر اس کا نیا والیوم کیا ہوگا؟

حل:-
$T_1 = 25°C = 25 + 273 = 298\,K$
$T_2 = -73°C = -73 + 273 = 200\,K$
$V_1 = 2.5\,dm^3$, $V_2 = ?$
چارلس کے قانون کے مطابق،

www.oepk.org

قیمتیں درج کرنے سے

$$P_2 = \frac{0.98 \times 2.0}{5.0}$$

$$P_2 = 0.392 \text{ atm} \quad \text{Ans.}$$

مثال (5.1): ہائیڈروجن گیس کے ایک سیمپل کا والیوم $20 dm^3$ اور پریشر $1.50 atm$ ہے۔ اگر اس پر مزید دباؤ ڈالا جائے حتیٰ کہ اس کا پریشر $5.0 atm$ ہو جائے تو اس کا نیا والیوم کیا ہوگا؟

حل:- $P_1 = 1.50 atm$, $V_1 = 20 dm^3$

$P_2 = 5.0 atm$, $V_2 = ?$

بوائل کے قانون کے مطابق

$$P_2V_2 = P_1V_1$$

یا

$$V_2 = \frac{P_1 V_1}{P_2}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$= \frac{1.50 \times 20}{5}$$

$$P_2 = 6 \ dm^3 \quad \text{Ans.}$$

مثال (5.2): آکسیجن کے ایک سیمپل کا والیوم $90 cm^3$ اور ٹمپریچر $37°C$ ہے۔ $0°C$ پر اس گیس کا والیوم کیا ہوگا اگر اس دوران پریشر کو مستقل رکھا جائے؟

حل:- $V_1 = 90 cm^3$, $V_2 = ?$

$T_1 = 37°C = 37 + 273 = 310 K$

$T_2 = 0°C = 0 + 273 = 273 K$

چارلس کے قانون کے مطابق

$$\frac{V_2}{T_2} = \frac{V_1}{T_1}$$

یا

$$V_2 = \frac{V_1 \times T_2}{T_1}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$V_2 = \frac{90 \times 273}{310}$$

$$V_2 = 79.26 \ cm^3 \quad \text{Ans.}$$

مشقی سوال (5.1) حل:-

کاربن ڈائی آکسائیڈ ایک بھاری گیس ہے جس کا مولر ماس $44 g mol^{-1}$ ہے جبکہ ہائیڈروجن ایک ہلکی گیس ہے جس کا مولر ماس $2 g mol^{-1}$ ہے اس لیے ایک ہی ٹمپریچر اور پریشر پر CO_2 کے مالیکیولز H_2 کے مالیکیولز کی نسبت کم رفتار سے نفوذ کریں گے۔

$$\frac{V_2}{T_2} = \frac{V_1}{T_1}$$

$$V_2 = \frac{V_1 \times T_2}{T_1}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$V_2 = \frac{2.5 \times 200}{298} = 1.67 dm^3$$

Ans.

5- ایک موسمیاتی غبارہ جس کو ہائیڈروجن گیس سے بھرا گیا ہے، ایک ایٹماسفیر پریشر پر $150dm^3$ والیوم رکھتا ہے۔ اگر اس غبارے کو $2500m$ $(8000ft)$ کی بلندی پر لے جایا جائے جہاں پر ہوا کا پریشر $0.75atm$ ہے تو یہ کتنا پھیلے گا؟ اس دوران فرض کیا جاتا ہے کہ اس کا ٹمپریچر تبدیل نہیں ہوتا۔

حل:- $P_1 = 1 atm$

$V_1 = 150 dm^3$, $V_2 = ?$, $P_2 = 0.75 atm$

بوائل کے قانون کے مطابق

$$P_2V_2 = P_1V_1$$

یا

$$V_2 = \frac{P_1V_1}{P_2}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$V_2 = \frac{1 \times 150}{0.75} = 200 \ dm^3$$

Ans.

6- ایک گاڑی کے ٹائر میں جب ایک ایٹماسفیر پریشر پر ہوا بھری جاتی ہے تو اس کا والیوم $28dm^3$ ہو جاتا ہے۔ اس ہوا کا والیوم کیا ہوگا اگر اسی ٹمپریچر پر اس کا پریشر $2.5atm$ کر دیا جائے؟

حل:- $P_1 = 1 atm$, $V_1 = 28 dm^3$

$P_2 = 2.5 atm$, $V_2 = ?$

بوائل کے قانون کے مطابق

$$P_2V_2 = P_1V_1$$

یا

$$V_2 = \frac{P_1V_1}{P_2}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$V_2 = \frac{1 \times 28}{2.5}$$

$$V_2 = 11.2 \ dm^3 \quad \text{Ans.}$$

7- $2.0dm^3$ والیوم رکھنے والے بلب میں $0.98atm$ پریشر پر ہائیڈروجن گیس بھری گئی ہے۔ اس بلب کو ایک نالی اور سٹاپ کاک کی مدد سے دوسرے بلب سے جوڑا گیا ہے جس کا والیوم $3.0dm^3$ ہے۔ اگر سٹاپ کاک کھول کر دونوں بلبوں کو ملا دیا جائے تو دونوں بلبوں میں ہائیڈروجن کا کتنا پریشر ہوگا۔

حل:- $V_1 = 2.0 dm^3$

$P_1 = 0.98 atm$, $V_2 = 2 + 3 = 5 dm^3$

$P_2 = ?$

بوائل کے قانون کے مطابق

$$P_2V_2 = P_1V_1$$

یا

$$P_2 = \frac{P_1V_1}{\ldots}$$

www.oepk.org

مشقی سوال (5.2) حل:- آکسیجن ایک بھاری گیس ہے جس کا مولر ماس $32\ g\ mol^{-1}$ ہے جبکہ CH_4 ایک ہلکی گیس ہے جس کا مولر ماس $16\ g\ mol^{-1}$ ہے۔ اس لیے میتھین، آکسیجن کی نسبت تیز تراوش کرے گی۔

مشقی سوال (5.3) حل:-

$$1\ atm = 760\ torr = 101325\ pa$$

$$1\ torr = \frac{101325}{760} = 133.32\ pa$$

مشقی سوال (5.4) حل:- چونکہ مائع اور ٹھوس اشیا کے مالیکیولز بہت قریب ہوتے ہیں۔ اسلئے اُن پر دباؤ نہیں ڈالا جا سکتا۔

مشقی سوال (5.5) حل:- چونکہ گیس کے مالیکیولز کے درمیان فاصلہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ یعنی گیسوں کی ڈینسٹی بہت کم ہوتی ہے اس لیے گیسوں کی ڈینسٹی کو $g\ cm^{-3}$ کی بجائے $g\ dm^{-3}$ میں ظاہر کیا جاتا ہے۔

مشقی سوال (5.6) حل:-

$V_1 = 1.8\ dm^3$, $V_2 = ?$

$T_1 = 30^\circ C = 30 + 273 = 303\ K$

$T_2 = -20^\circ C = -20 + 273 = 253\ K$

چارلس کے قانون کے مطابق

$$\frac{V_2}{T_2} = \frac{V_1}{T_1}$$

یا

$$V_2 = \frac{V_1 \times T_2}{T_1}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$V_2 = \frac{1.8 \times 253}{303}$$

$$V_2 = 1.5\ dm^3 \quad Ans.$$

مشقی سوال (5.7) حل:-

$V_1 = 800\ cm^3$, $T_1 = 27^\circ C = 27 + 273 = 300\ K$

$V_2 = 300\ cm^3$; $T_2 = ?$

چارلس کے قانون کے مطابق

$$\frac{V_1}{T_1} = \frac{V_2}{T_2}$$

$$V_1 \times T_2 = V_2 \times T_1$$

یا

$$T_2 = \frac{V_2 \times T_1}{V_1}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$T_2 = \frac{300 \times 300}{800} = 112.5\ K$$

یا

$$T_2 = 112.5 - 273 = 160.5^\circ C$$

مشقی سوال (5.8) حل:- پانی اپنا بوائلنگ پوائنٹ $100^\circ C$ اور الکوحل $78.5^\circ C$ پر اس لیے مستقل رکھتے ہیں کیونکہ اِن درجہ حرارت پر پانی اور الکوحل کا ویپر پریشر اُن کی سطح پر پڑنے والے بیرونی پریشر کے برابر ہوتا ہے۔

مشقی سوال (5.9) حل:- پہاڑوں پر ایٹموسفیرک پریشر (بیرونی پریشر) سطح سمندر سے کم ہوتا ہے اور پانی $100^\circ C$ سے کم ٹمپریچر پر بوائل ہو جاتا ہے۔ اسلئے پہاڑوں پر کھانا پکانا زیادہ مشکل ہوتا ہے۔

مشقی سوال (5.10) حل:-

(a)

کاربن کا ماس = $600\ g$

کاربن کا اٹامک ماس = $12\ g\ mol^{-1}$

کاربن کے مولز کی تعداد = ?

فارمولا:-

$$\text{کاربن کے مولز کی تعداد} = \frac{\text{کاربن کا ماس}}{\text{اٹامک ماس}}$$

مولز کی تعداد = $\frac{600}{12} = 50$ مولز

(b)

کاربن کے مولز کی تعداد = 50 مولز

$N_A = 6.02 \times 10^{23}$

کاربن کے ایٹمز کی تعداد = ?

فارمولا:-

کاربن کے ایٹمز کی تعداد = کاربن کے مولز $\times N_A$

$= 50 \times 6.02 \times 10^{23}$

$= 301 \times 10^{23}$ ایٹمز

یا کاربن کے ایٹمز کی تعداد = 3.01×10^{25} ایٹمز

www.oepk.org

مشقی سوال (5.11) حل:- گریفائیٹ کا بوائلنگ پوائنٹ 3730°C ہے اس طرح موبل آئل کی نسبت گریفائیٹ زیادہ حرارت برداشت کر سکتا ہے۔ اسلئے یہ موبل آئل کی نسبت اچھا لبریکینٹ ہے

Chapter # 6 حسابی سوالات

1- 10g یوریا (NH_2CONH_2) 45g پانی میں حل کیا گیا ہے۔ اس محلول میں یوریا کی ماس۔ماس فیصد مقدار نکالیں۔

حل:-

یوریا کا ماس = 10 g

پانی کا ماس = 45 g

محلول کا ماس = 45 + 10 = 55 g

ماس۔ماس فیصد = ?

فارمولا:-

$$\text{ماس۔ماس فیصد} = \frac{\text{منحل کا ماس}}{\text{محلول کا ماس}} \times 100$$

$$= \frac{10}{55} \times 100$$

یوریا کی ماس ماس فیصد = 18.18 % Ans.

2- 15cm³ میتھائل الکوحل (CH_3OH) کو پانی میں حل کر کے 100cm³ محلول بنایا گیا ہے۔ اس محلول کی والیوم۔والیوم فیصد مقدار معلوم کریں۔

حل:-

میتھائل الکوحل کا والیوم = 15 cm³

محلول کا والیوم = 100 cm³

والیوم۔والیوم فیصد = ?

فارمولا:-

$$\text{والیوم۔والیوم فیصد} = \frac{\text{منحل کا والیوم}}{\text{محلول کا والیوم}} \times 100$$

$$= \frac{15}{100} \times 100$$

والیوم۔والیوم فیصد = 15 % Ans.

3- درج ذیل محلول کا ارتکاز $mol\ dm^{-3}$ میں معلوم کریں:

(a) 0.8g سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ ($NaOH$) کا 100cm³ محلول

(b) 2.0g پوٹاشیم کلورائیڈ (KCl) کا 100cm³ محلول

(c) 0.98g سلفیورک ایسڈ (H_2SO_4) کا 0.5dm³ محلول

(d) 3.65g ہائیڈروکلورک ایسڈ (HCl) کا 2dm³ محلول

حل:- (a):

منحل کا ماس = 0.8 g

$NaOH$ کا مولر ماس = 23 + 16 + 1 = 40 g

محلول کا والیوم = 100 cm³ = 100/1000 = 0.1 dm³

محلول کا ارتکاز (مولیریٹی) = ?

فارمولا:-

$$\text{مولیریٹی} = \frac{\text{منحل کا ماس}}{\text{منحل کا مولر ماس}} \times \frac{1}{\text{محلول کا والیوم (dm}^3)}$$

$$= \frac{0.8}{40} \times \frac{1}{0.1}$$

= 0.2 M Ans.

حل:- (b):

منحل کا ماس = 2.0 g

KCl کا مولر ماس = 39 + 35.5 = 74.5 g

محلول کا والیوم = 100 cm³ = 100/1000 = 0.1 dm³

مولیریٹی = ?

فارمولا:-

$$\text{مولیریٹی} = \frac{\text{منحل کا ماس}}{\text{منحل کا مولر ماس}} \times \frac{1}{\text{محلول کا والیوم (dm}^3)}$$

$$= \frac{2.0}{74.5} \times \frac{1}{0.1}$$

مولیریٹی = 0.268 M Ans.

حل:- (c):

منحل کا ماس = 0.98 g

H_2SO_4 کا مولر ماس = 2 + 32 + 64 = 98 g

محلول کا والیوم = 0.5 dm³

محلول کی مولیریٹی = ?

فارمولا:-

$$\text{مولیریٹی} = \frac{\text{منحل کا ماس}}{\text{منحل کا مولر ماس}} \times \frac{1}{\text{محلول کا والیوم (dm}^3)}$$

$$= \frac{0.98}{98} \times \frac{1}{0.5}$$

مولیریٹی = 0.02 M Ans.

حل:- (d):

منحل کا ماس = 3.65 g

HCl کا مولر ماس = 1 + 35.5 = 36.5 g

محلول کا والیوم = 2 dm³

مولیریٹی = ?

فارمولا:-

$$\text{مولیریٹی} = \frac{\text{منحل کا ماس}}{\text{منحل کا مولر ماس}} \times \frac{1}{\text{محلول کا والیوم (dm}^3)}$$

$$= \frac{3.65}{36.5} \times \frac{1}{2}$$

مولیریٹی = 0.05 M Ans.

www.oepk.org

محلول کی مولیریٹی = $\frac{0.2}{0.75}$ = 2.66 M

5- ذیل میں درج آبی محلول بنانے کے لیے منحل کے کتنے گرام درکار ہوں گے؟

(a) 0.250M پوٹاشیم برومائیڈ (KBr) کا $500cm^3$ محلول

(b) 0.200M سوڈیم نائٹریٹ ($NaNO_3$) کا $125cm^3$ محلول

(c) 0.375M میتھائل الکوحل (CH_3OH) کا $100cm^3$ محلول

حل (a):-
محلول کی مولیریٹی = 0.250 M
محلول کا والیوم = $500cm^3 = \frac{500}{1000} = 0.5 dm^3$
منحل (KBr) کا مولر ماس = $39+80 = 119 g mol^{-1}$
KBr کا ماس = ?

فارمولا:
مولیریٹی = $\frac{\text{منحل کا ماس}}{\text{منحل کا مولر ماس}} \times \frac{1}{(dm^3)\text{محلول کا والیوم}}$

یا
منحل کا ماس = مولیریٹی × منحل کا مولر ماس × محلول کا والیوم (dm^3)
$= 0.250 \times 119 \times 0.5$
KBr کا ماس = 14.87 g Ans.

حل (b):-
محلول کی مولیریٹی = 0.200 M
محلول کا والیوم = $125 cm^3 = \frac{125}{1000} = 0.125 dm^3$
منحل ($NaNO_3$) کا مولر ماس = $23+14+48 = 85 g mol^{-1}$
$NaNO_3$ کا ماس = ?

فارمولا:
منحل کا ماس = مولیریٹی × منحل کا مولر ماس × محلول کا والیوم (dm^3)
$= 0.200 \times 85 \times 0.125$
$NaNO_3$ کا ماس = 2.125 g Ans.

حل (c):-
محلول کی مولیریٹی = 0.375 M
محلول کا والیوم = $100 cm^3 = \frac{100}{1000} = 0.1 dm^3$
منحل (CH_3OH) کا مولر ماس = $12+4+16 = 32 g mol^{-1}$
منحل (CH_3OH) کا ماس = ?

فارمولا:
منحل کا ماس = مولیریٹی × منحل کا مولر ماس × محلول کا والیوم (dm^3)
$= 0.375 \times 32 \times 0.1$
منحل (CH_3OH) کا ماس = 1.2 g Ans.

By:-
Mirza Muhammad Azam SST(Sc)
Govt. High School
Khanpur Syedan, Pasrur (Sialkot)

6- ذیل میں درج آبی محلول کی مولیریٹی معلوم کریں:

(a) 0.56 mol بیریم کلورائیڈ ($BaCl_2$) کا $150cm^3$ محلول

(b) 1.48 mol پوٹاشیم نائٹریٹ (KNO_3) کا $250cm^3$ محلول

(c) 0.325 mol گلوکوز ($C_6H_{12}O_6$) کا $100cm^3$ محلول

(d) 0.2 mol سوڈیم کاربونیٹ (Na_2CO_3) کا $750cm^3$ محلول

حل (a):-
منحل کے مولز کی تعداد = 0.56
محلول کا والیوم = $150 cm^3$
یا
$= \frac{150}{1000} = 0.15 dm^3$
محلول کی مولیریٹی = ?

فارمولا:
محلول کی مولیریٹی = $\frac{\text{منحل کے مولز کی تعداد}}{(dm^3)\text{محلول کا والیوم}}$
محلول کی مولیریٹی = $\frac{0.56}{0.15} = 3.73 M$ Ans

حل (b):-
منحل کے مولز کی تعداد = 1.48
محلول کا والیوم = $250 cm^3$
$= \frac{250}{1000} = 0.25 dm^3$
محلول کی مولیریٹی = ?

فارمولا:
محلول کی مولیریٹی = $\frac{\text{منحل کے مولز کی تعداد}}{(dm^3)\text{محلول کا والیوم}}$
$= \frac{1.48}{0.25} = 5.92 M$ Ans

حل (c):-
منحل کے مولز کی تعداد = 0.325
محلول کا والیوم = $100 cm^3$
$= \frac{100}{1000} = 0.1 dm^3$
محلول کی مولیریٹی = ?

فارمولا:
محلول کی مولیریٹی = $\frac{\text{منحل کے مولز کی تعداد}}{(dm^3)\text{محلول کا والیوم}}$
$= \frac{0.325}{0.1} = 3.25 M$ Ans

حل (d):
منحل کے مولز کی تعداد = 0.2
محلول کا والیوم = $750 cm^3$
$= \frac{750}{1000} = 0.75 dm^3$
محلول کی مولیریٹی = ?

فارمولا:
محلول کی مولیریٹی = منحل کے مولز کی تعداد

www.oepk.org

6- ذیل میں درج اشیا کا 0.05 mol dm^{-3} ارتکاز کا 500cm^3 محلول تیار کرنے کے لیے کتنا ماس درکار ہوگا؟

(a) پوٹاشیم ڈائی کرومیٹ ($K_2Cr_2O_7$) (b) پوٹاشیم مینگنیٹ (K_2MnO_4)

(c) سلفیورک ایسڈ (H_2SO_4) (d) سلور نائٹریٹ ($AgNO_3$)

حل (a): مولیریٹی (محلول کا ارتکاز) $= 0.05\ mol\ dm^{-3}$

محلول کا والیوم $= 500\ cm^3 = \frac{500}{1000} = 0.5\ dm^3$

منحل ($K_2Cr_2O_7$) کا مولر ماس، منحل کا ماس $= ?$

$= 2\times39 + 2\times52 + 7\times16 = 249\ g\ mol^{-1}$

فارمولا:
محلول کا والیوم (dm^3) × منحل کا مولر ماس × مولیریٹی = منحل کا ماس

$= 0.05 \times 249 \times 0.5$

$K_2Cr_2O_7$ کا ماس $= 7.35\ g$

حل (b): مولیریٹی $= 0.05\ mol\ dm^{-3}$

محلول کا والیوم $= 500\ cm^3 = \frac{500}{1000} = 0.5\ dm^3$

منحل (K_2MnO_4) کا مولر ماس، منحل کا ماس $= ?$

$= 2\times39 + 55 + 4\times16 = 197\ g\ mol^{-1}$

فارمولا:
محلول کا والیوم (dm^3) × منحل کا مولر ماس × مولیریٹی = منحل کا ماس

$= 0.05 \times 197 \times 0.5$

K_2MnO_4 کا ماس $= 4.92\ g$

حل (c): مولیریٹی $= 0.05\ mol\ dm^{-3}$

محلول کا والیوم $= 500\ cm^3 = \frac{500}{1000} = 0.5\ dm^3$

منحل (H_2SO_4) کا ماس $= 2 + 32 + 64 = 98\ g$

منحل 'H_2SO_4' کا ماس $= ?$

فارمولا:
محلول کا والیوم (dm^3) × منحل کا مولر ماس × مولیریٹی = منحل کا ماس

$= 0.05 \times 98 \times 0.5$

منحل H_2SO_4 کا ماس $= 2.45\ g$

حل (d): مولیریٹی $= 0.05\ mol\ dm^{-3}$

محلول کا والیوم $= 500\ cm^3 = \frac{500}{1000} = 0.5\ dm^3$

منحل $AgNO_3$ کا مولر ماس $= 108 + 14 + 48 = 170\ g\ mol^{-1}$

منحل $AgNO_3$ کا ماس $= ?$

فارمولا:
محلول کا والیوم (dm^3) × منحل کا مولر ماس × مولیریٹی = منحل کا ماس

$= 0.05 \times 170 \times 0.5$

منحل $AgNO_3$ کا ماس $= 4.25\ g$

مثال (6.1) حل:- سوڈیم کلورائیڈ کا ماس $= 0.5\ g$

محلل (پانی) کا ماس $= 20\ g$ ، NaCl کی فیصد مقدار $= ?$

محلول کا ماس $= 20 + 0.5 = 20.5\ g$

فارمولا: ماس۔ ماس فیصد $= \frac{\text{سوڈیم کلورائیڈ کا ماس}}{\text{محلول کا ماس}} \times 100$

$= \frac{0.5}{20.5} \times 100 = 2.44\ g$

یعنی 100g محلول میں 2.44g NaCl اور 97.56g پانی ہے۔

مثال (6.2) حل: ایسٹک ایسڈ کا ماس $= 6\ g$

مولیریٹی $= 0.25\ M$

ایسیٹک ایسڈ (CH_3COOH) کا مولر ماس

$= 2\times12 + 4 + 2\times16 = 60\ g\ mol^{-1}$

محلول کا والیوم (dm^3) میں $= ?$

فارمولا: مولیریٹی $= \frac{\text{منحل کا ماس}}{\text{منحل کا مولر ماس}} \times \frac{1}{\text{محلول کا والیوم } (dm^3)}$

یا

محلول کا والیوم $= \frac{\text{منحل کا ماس}}{\text{منحل کا مولر ماس}} \times \frac{1}{\text{مولیریٹی}}$

$= \frac{6}{60} \times \frac{1}{0.25}$

محلول کا والیوم $= 0.4\ dm^3$ Ans.

مثال (6.3) حل: محلول کا والیوم (V_1) $= 100\ cm^3$

محلول کی مولیریٹی (M_1) $= 0.25$ مولر

درکار محلول کی مولیریٹی (M_2) $= 0.1$ مولر

درکار محلول کا والیوم (V_2) $= ?$

فارمولا:- ڈائلیوٹ محلول مرتکز محلول

$M_1V_1 = M_2V_2$

یا $V_2 = \frac{M_1V_1}{M_2}$

قیمتیں درج کرنے سے

$V_2 = \frac{0.25 \times 100}{0.1}$

$V_2 = 250\ cm^3$ Ans.

مثال (6.4) حل:- K_2CO_3 کا ماس $= 20.7\ g$

K_2CO_3 کا مولر ماس $= 2\times39 + 12 + 3\times16 = 138\ g\ mol^{-1}$

محلول کا والیوم $= 500\ cm^3 = \frac{500}{1000} = 0.5\ dm^3$

محلول کی مولیریٹی $= ?$

فارمولا:
مولیریٹی $= \frac{\text{منحل کا ماس}}{\text{منحل کا مولر ماس}} \times \frac{1}{\text{محلول کا والیوم } (dm^3)}$

مولیریٹی $= \frac{20.7}{138} \times \frac{1}{0.5} = 0.3\ M$

مشقی سوال (6.1) حل :-

(i)۔ ماس۔ماس فیصد: جب 15g الکوحل کو اتنے پانی میں حل کیا جائے کہ پورے محلول کا ماس 100g ہو جائے تو یہ الکوحل کا 15% (m/m) محلول ہوگا۔

(ii)۔ ماس۔والیوم فیصد: جب 15g الکوحل کو اتنے پانی میں حل کیا جائے کہ پورے محلول کا والیوم $100 cm^3$ ہو جائے تو یہ الکوحل کا 15% (m/v) محلول ہوگا۔

(iii)۔ والیوم۔ماس فیصد: جب $15 cm^3$ الکوحل کو اتنے پانی میں حل کیا جائے کہ پورے محلول کا ماس 100g ہو جائے تو یہ الکوحل کا 15% (v/m) محلول ہوگا

(iv) والیوم۔والیوم فیصد: جب $15 cm^3$ الکوحل کو اتنے پانی میں حل کیا جائے کہ پورے محلول کا والیوم $100 cm^3$ ہو جائے تو یہ الکوحل کا 15% (v/v) محلول ہوگا۔

مشقی سوال (6.2) حل :-

؟ = محلول کی فیصد مقدار

$$\text{ماس۔والیوم فیصد} = \frac{\text{منحل کا ماس}}{\text{محلول کا والیوم}} \times 100$$

$$= \frac{25}{100} \times 100 = 25\%$$

مشقی سوال (6.3) حل :-

؟ = محلول کی والیوم۔والیوم فیصد مقدار

$$v/v\,\% = \frac{\text{منحل کا والیوم}}{\text{محلول کا والیوم}} \times 100$$

$$= \frac{20\ cm^3}{100\ cm^3} \times 100$$

$$= 20\%$$

مشقی سوال (6.4) حل :-

(i)۔ $$\text{محلول کا والیوم} (dm^3) \text{ میں} = \frac{\text{منحل کے مولز کی تعداد}}{\text{مولیریٹی}}$$

(ii)۔ منحل کا ماس = مولیریٹی × منحل کا مولر ماس × محلول کا والیوم dm^3 میں

(iii)۔ $$\text{محلول کا والیوم} (cm^3) \text{ میں} = \frac{\text{منحل کے مولز کی تعداد}}{\text{مولیریٹی}} \times 1000$$

مشقی سوال (6.5) حل :-

منحل (KOH) کا ماس = 5.6 g

KOH کا مولر ماس $= 39 + 16 + 1 = 56\ g\,mol^{-1}$

محلول کا والیوم $= 500 cm^3 = \frac{500}{1000} = 0.5\ dm^3$

؟ = محلول کی مولیریٹی

فارمولا:
$$\text{مولیریٹی} = \frac{\text{منحل کا ماس}}{\text{منحل کا مولر ماس}} \times \frac{1}{\text{محلول کا والیوم } dm^3 \text{ میں}}$$

$$\text{مولیریٹی} = \frac{5.6}{56} \times \frac{1}{0.5} = 0.2M$$

اب

مرتکز محلول ڈائلیوٹ محلول

$$M_2V_2 = M_1V_1$$

$$V_2 = \frac{M_1V_1}{M_2}$$ یا

$$= \frac{0.2 \times 500}{0.1}$$

$$V_2 = 1000\ cm^3$$

محلول میں پانی ڈال کر اس کا والیوم $1000 cm^3$ کرنے سے محلول 0.1 مولر میں ڈائلیوٹ ہو جائے گا

Chapter # 7 مشقی سوالات

مشقی سوال (7.1) حل: کیونکہ 'Mg' اور 'P' کے ساتھ آکسیجن شامل ہوئی ہے۔ اس لیے 'Mg' اور 'P' آکسیڈائز ہو گئے ہیں۔

مشقی سوال (7.2) حل: کیونکہ 'ZnO' اور 'FeO' سے آکسیجن کا اخراج ہوا ہے۔ اس لیے ZnO اور FeO دونوں ریڈیوس ہوئے ہیں۔

مشقی سوال (7.3) حل: HClO

چونکہ HClO ایک نیوٹرل کمپاؤنڈ ہے اس کا کل آکسیڈیشن نمبر صفر ہوگا۔

(H کا آکسیڈیشن نمبر) + (Cl کا آکسیڈیشن نمبر) + (O کا آکسیڈیشن نمبر) = 0

H کا آکسیڈیشن نمبر = +1 , O کا آکسیڈیشن نمبر = −2

فرض کیا Cl کا آکسیڈیشن نمبر = x

قیمتیں درج کرنے سے

$$+1 + x + (-2) = 0$$

$$x = 2 - 1 , \quad x = +1$$

لہٰذا 'HClO' میں Cl کا آکسیڈیشن نمبر '+1' ہے

K_2MnO_4: چونکہ K_2MnO_4 ایک نیوٹرل کمپاؤنڈ ہے اس کا کل آکسیڈیشن نمبر صفر ہوگا۔

2(K کا آکسیڈیشن نمبر) + (Mn کا آکسیڈیشن نمبر) + 4(O کا آکسیڈیشن نمبر) = 0

K کا آکسیڈیشن نمبر = +1 , O کا آکسیڈیشن نمبر = −2

فرض کیا Mn کا آکسیڈیشن نمبر = x

قیمتیں درج کرنے سے

$$2(+1) + x + 4(-2) = 0$$

$$2 + x - 8 = 0 , \quad x = 8 - 2 = +6$$

لہٰذا K_2MnO_4 میں Mn کا آکسیڈیشن نمبر +6 ہے

باقی طلباء خود کریں

حل شدہ مثالیں خود کریں

مشتقی سوال (7.6) حل: تعاملات میں HBr اور SO_2 ریڈیوسنگ ایجنٹس ہیں۔

مشتقی سوال (7.5) حل: (i) کلورائیڈ آئن (Cl) آکسیڈائز ہوا ہے جبکہ Mn ریڈیوس ہوا ہے۔

(ii) سلفر (S) آکسیڈائز ہوا ہے جبکہ نائٹروجن (N) ریڈیوس ہوا ہے۔

(iii) 'Sn' کی آکسیڈیشن جبکہ Fe کی ریڈکشن ہوئی ہے۔

(iv) Fe آکسیڈائز ہوا ہے جبکہ Mn ریڈیوس ہوا ہے۔

مشتقی سوال (7.7) حل: الیکٹرانز بیرونی سرکٹ سے ہوتے ہوئے کیتھوڈ پر چلے جاتے ہیں جس سے کیٹائنز آکسیڈائز ہوجاتے ہیں۔

مشتقی سوال (7.8) حل: جی ہاں! $PbCl_2$ ایک آئیونک مرکب ہے اور پانی میں حل ہوکر آئنز پیدا کرتا ہے۔

مشتقی سوال (7.9) حل: ہائیڈروجن اور آکسیجن گیسیں حاصل ہوتی ہیں کیونکہ الیکٹرولیسز پانی کی ہوتی ہے اور H_2SO_4 بطور الیکٹرولائٹ عمل کرتا ہے۔

مشتقی سوال (7.10) حل: ڈینیئل سیل میں زنک الیکٹروڈ پر الیکٹرانز کا ارتکاز زیادہ ہونے کی وجہ سے یہ کاپر الیکٹروڈ کی طرف حرکت کرتے ہیں۔

مشتقی سوال (7.11) حل: جب ریڈکشن ہاف سیل میں نیگیٹو آئنز کا ارتکاز بڑھنا شروع ہوتا ہے تو سالٹ برج سے K^+ آئنز محلول کو نیوٹرل کرنے کیلئے ڈفیوز کر جاتے ہیں۔ اسی طرح جب آکسیڈیشن ہاف سیل میں پوزیٹو آئنز کا ارتکاز بڑھنا شروع ہوتا ہے تو سالٹ برج سے Cl^- آئنز محلول کو نیوٹرل کرنے کیلئے ڈفیوز کر جاتے ہیں۔ نتیجتاً سیل میں محلول نیوٹرل رہتا ہے۔

مشتقی سوال (7.12) حل: کیونکہ کم ٹمپریچر پر مالٹن سالٹ بآسانی جمع کی جا سکتی ہے اور حاصلات کے میٹریل پر اثر انداز نہیں ہوتے اور کم ٹمپریچر پر دھاتی دھند پیدا نہیں ہوتی۔

مشتقی سوالات Chapter NO. 8

مشتقی سوال (8.2) حل: $_3Li = 1s^2 2s^1$

$_{11}Na = 1s^2 2s^2 2p^6 3s^1$, $_{19}K = 1s^2 2s^2 2p^6 3s^2 3p^6 4s^1$

مشتقی سوال (8.3) حل: دوری جدول میں بائیں جانب درمیان میں اور دوری جدول کے نیچے دھاتیں موجود ہیں جبکہ دوری جدول کے دائیں جانب اوپر غیر دھاتیں پائی جاتی ہیں۔

مشتقی سوال (8.4) حل: دھاتوں کی آئیونائزیشن انرجی چونکہ کم ہوتی ہے۔ اس لیے دھاتیں بآسانی الیکٹرونز خارج کر کے کیٹائنز میں تبدیل ہوجاتی ہیں جبکہ غیر دھاتوں کی الیکٹرون افینیٹی زیادہ ہونے کی وجہ سے

جاتی ہیں۔

مشتقی سوال (8.5) حل: نائٹروجن، سلفر، آکسیجن، فلورین، کلورین، اور فاسفورس۔

مشتقی سوال (8.6) حل: ہیلوجنز کی آکسیڈائز کرنے کی طاقت گروپ میں اوپر سے نیچے بتدریج کمی واقع ہوتی جاتی ہے۔ کیونکہ گروپ میں اوپر سے نیچے الیکٹرونیگیٹیویٹی میں بتدریج کمی واقع ہوتی ہے۔

مشتقی سوال (7.3) حل $C_6H_{12}O_6$

چونکہ $C_6H_{12}O_6$ ایک نیوٹرل کمپاؤنڈ ہے۔ اس لیے اس کا کل آکسیڈیشن نمبر صفر ہوگا۔

6(C کا آکسیڈیشن نمبر) + 12(H کا آکسیڈیشن نمبر) + 6(O کا آکسیڈیشن نمبر) = 0

فرض کیا C کا آکسیڈیشن نمبر = x ,

H کا آکسیڈیشن نمبر = +1 , O کا آکسیڈیشن نمبر = -2

قیمتیں درج کرنے سے

$$6(x) + 12(+1) + 6(-2) = 0$$

$$6x + 12 - 12 = 0$$

$$6x = 0 , \Rightarrow x = 0$$

لہٰذا $C_6H_{12}O_6$ میں 'C' کا آکسیڈیشن نمبر صفر ہے

$HClO_4$: چونکہ $HClO_4$ ایک نیوٹرل کمپاؤنڈ ہے اس لئے اس کا کل آکسیڈیشن نمبر صفر ہوگا۔

(H کا آکسیڈیشن نمبر) + (Cl کا آکسیڈیشن نمبر) + 4(O کا آکسیڈیشن نمبر) = 0

فرض کیا Cl کا آکسیڈیشن نمبر = x

H کا آکسیڈیشن نمبر = +1 , O کا آکسیڈیشن نمبر = -2

قیمتیں درج کرنے سے

$$+1 + x + 4(-2) = 0$$

$$1 + x - 8 = 0$$

$$x = 8 - 1 = +7$$

لہٰذا $HClO_4$ میں Cl کا آکسیڈیشن نمبر +7 ہے